ڈی آئی جی ٹریفک آفس کراچی۔ فون:۔ 021-99216141

پریس ریلیز

کراچی یکم مارچ 2019ء:۔

ٹریفک قوانین کی پاسداری اور حادثات سے بچاؤ کے حوالے سے حب ریور روڈ مواچھ موڑ پر نجی فلاحی ادارے/اسکول اور ٹریفک پولیس کے اشتراک سے آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔اس خصوصی پروگرام میں ڈی آئی جی ٹریفک کراچی جاوید علی مہر نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔اس موقع پر مذکورہ فلاحی ادارے/نجی اسکول کے چیئرمین آصف علی اور بورڈ ممبر شکیل نے ڈی آئی جی ٹریفک کی آمد پر انکا استقبال اور شکریہ ادا کیا۔

ڈی آئی جی ٹریفک پروگرام میں شریک طلباء،اسکاؤٹس ودیگر شہریوں کو ٹریفک قوانین کے نفاذ کی اہمیت اور عمل داری کی افادیت کا تفصیلی احاطہ کرتے ہوئے بتایا کہ ٹریفک پولیس کراچی نے مفادعامہ کے تقاضوں کو سامنے رکھ کر مختلف اوقات اور دورانیئے میں ٹریفک مہم کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے جسکا مقصد سڑکوں پر حادثات اور بالخصوص جان لیوا حادثات کا انسداد اور شہریوں کے لیئے محفوظ سفر کو یقینی بنانا ہے۔

انہوں نے کہا کہ تمام اسٹیک ہولڈرز اور بالخصوص موٹر سائیکل سواروں کو چاہیئے کہ ٹریفک پولیس کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور ٹریفک قوانین کی پاسداری کو اپنا شعار بنائیں۔ان کا کہنا تھا کہ پولیس اور عوام کے مشترکہ تعاون ہی سے سڑکوں پر حادثات کے انسدادی اقدامات کو مؤثر اور مربوط بنایا جاسکتا ہے۔

اس موقع پر حب ریور روڈ پر بغیر ہیلمٹ سفر کرنیوالے موٹر سائیکل سواروں میں ہیلمٹ تقسیم کیئے گئے اور انکے استعمال کی افادیت سے انہیں مکمل آگاہی دی گئی۔پروگرام کے اختتام پر ٹریفک قوانین سے آگاہی کے لیئے پی ٹی سی سعید آباد تا ڈبہ موڑ اور وہاں سے سعید آباد ٹریفک سیکشن تک واک کا بھی اہتمام کیا گیا۔پروگرام میں ایس ایس پی ٹریفک ویسٹ، ٹریفک پولیس افسران اور جوانوں کے علاوہ واوکھائی میمن جماعت کے نمائندگان/معززین علاقہ نے بھی شرکت کی۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

پریس ریلیز

کراچی یکم مارچ 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے سندھ یونیورسٹی سوسائٹی جامشورو کی رہائشی لڑکی کو مبینہ طور پر یرغمال بنانے اور غیرت کے نام پر قتل کے خدشات کے حوالے سے میڈیا رپورٹس پر ایس ایس پی جامشورو سے تفصیلی انکوائری اور متعلقہ پولیس کے جملہ اقدامات پر مشتمل رپورٹ فی الفور طلب کر لی ہے۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔